© rasailojaraid.com

## مدیر التعلیم جامعہ سلفیہ کی

### مرکز اہلحدیث و جامعہ عثمانیہ گگومنڈی میں آمد

گذشتہ دنوں مدیر التعلیم جامعہ سلفیہ یاسین ظفر چودھری نے مرکز اہلحدیث و جامعہ عثمانیہ چک نمبر 47/EB گگومنڈی کا دورہ کیا۔ یہ عظیم الشان ادارہ مولانا عطاء اللہ طارق صاحب کی زیر سرپرستی قائم ہوا ہے۔ ابتدائی تعمیری مراحل مکمل ہو چکے ہیں۔ ایک عظیم الشان جامعہ پایہ تکمیل کو پہنچ چکا ہے اور اس میں حفظ اور نرسری کی کلاسوں کا اجراء ہو چکا ہے۔ شعبہ حفظ میں 24 بچے جبکہ نرسری میں 18 بچے زیر تعلیم ہیں۔ تعلیم کا معیار بہت عمدہ ہے۔ مدیر موصوف نے جامعہ عثمانیہ کی حسن کارکردگی پر دلی اطمینان کا اظہار فرمایا ہے اور رائے دی ہے کہ گرمیوں کی تعطیلات میں یہاں طلبہ کیلئے ٹیوشن سنٹر قائم کیے جائیں جو مڈل اور میٹرک میں زیر تعلیم ہیں انہیں انگریزی، ریاضی کے ساتھ ترجمہ قرآن پڑھایا جائے۔ مولانا عطاء اللہ طارق نے اس رائے کو بے حد سراہا اور اس پر عمل درآمد کرنے کیلئے تمام وسائل کو بروئے کار لانے کا یقین دلایا۔ گگومنڈی کے گردونواح میں یہ اپنی نوعیت کا مثالی ادارہ ہے۔ اور امید کی جاتی ہے کہ مستقبل قریب میں یہ صحیح اسلامی مرکز بنے گا۔ اور علاقے بھر کو کتاب وسنت کی روشنی سے منور کرے گا۔ اس موقعہ پر چودھری محمد صدیق اور مدیر التعلیم کے والد گرامی چودھری فتح محمد صاحب بھی موجود تھے۔

### توحید آباد (علاقہ گلیات) میں

## فرع جامعہ سلفیہ کی تعمیر نو

ہر خاص و عام کیلئے یہ بات باعث شادمانی ہوگی کہ توحید نزد ایوبیہ میں جامعہ سلفیہ فیصل آباد کی فرع قائم کی گئی تھی جس کا آغاز میاں فضل حق مرحوم نے اپنی زندگی میں کیا تھا ان کی رحلت کے بعد ان کے صاحبزدگان میاں نعیم الرحمٰن اور میاں عطاء الرحمٰن طارق نے یہ جگہ جامعہ سلفیہ کو وقف کردی اور اس کی تعمیر نو کا آغاز کیا۔ اب یہ تعمیر مکمل ہو چکی ہے۔ یہ عالی شان عمارت نہایت کشادہ اور تعلیم و تربیت کیلئے بے حد موزوں ہے۔ چار وسیع کمروں کے درمیان خوبصورت ہال موجود ہے۔ جبکہ تمام سہولتیں میسر ہیں۔ اس تعمیر کا جائزہ لینے کیلئے رئیس الجامعہ میاں نعیم الرحمٰن کی خصوصی دعوت پر حافظ مسعود عالم، مدیر التعلیم یاسین ظفر چودھری، مدیر الامتحانات مولانا محمد ادریس سلفی، جناب صوفی احمد دین نے توحید آباد کا دورہ کیا انہوں نے عمارت کی تکمیل پر بے حد مسرت کا اظہار کیا۔ اور میاں نعیم الرحمٰن کی اس کارکردگی پر خراج تحسین پیش کیا۔ یہ عظیم الشان ادارہ سمر کیمپ کیلئے نہایت موزوں ہے اور مستقبل قریب میں اس کی افتتاحی تقریب منعقد ہوگی۔ جس میں ممتاز علماء، عمائدین اور سفراء کو دعوت دی جائے گی۔ ان شاء اللہ

## وفیات

مولوی عرفان احمد ولد عبدالشکور فاضل جامعہ سلفیہ فیصل آباد کی والدہ محترمہ 26 مئی بروز جمعۃ المبارک وفات پا گئی تھیں۔ مرحومہ پابند صوم وصلاۃ اور نہایت صالحہ خاتون تھیں۔ دعا ہے اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں جگہ نصیب فرمائے اور تمام لواحقین کو صبر جمیل سے نوازے۔

..........................

مولوی جمیل احمد سندھی ولد کمال احمد فاضل جامعہ سلفیہ کے والد گرامی 26 مئی بروز جمعۃ المبارک نوابشاہ سندھ میں طویل علالت کے بعد رحلت فرما گئے۔ آپ دینی جذبے سے سرشار تھے۔ بہت نیک اور پرہیزگار تھے۔ دعا ہے اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ نصیب فرمائے اور تمام لواحقین کو صبر جمیل سے نوازے۔ ادارہ جامعہ ان کے غم میں شریک ہے۔ اور دلی تعزیت کا اظہار کرتا ہے۔

### بزرگ عالم دین مفتی عبدالقہار دھلوی انتقال فرما گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون

پرچہ پریس جا چکا تھا کہ فاضل دوست محمد رمضان یوسف سلفی نے اطلاع دی کہ جماعت غرباء اہلحدیث کے نائب امیر اور مفتی اعظم حضرت مولانا عبدالقہار دھلوی کراچی میں انتقال فرما گئے۔ ادارہ جامعہ سلفیہ فیصل آباد لواحقین سے اظہار تعزیت کرتے ہوئے مرحوم کی بلندی درجات کیلئے دعا گو ہے۔

تفصیل آئندہ ملاحظہ فرمائیں (ادارہ)



© rasailojaraid.com